

بنات خدیجۃ الکبریٰ

BANAT- E- KHADEEJATUL KUBRA

ذی الحجه ۱۴۴۴ ه ق جولائی 2023 ء

شمارہ اول

- ایک مجاہد کی بیوی کا تشکیل پر موجود شوہر کے نام خط
- تعلیم نسواں، ایک عقلی دلیل کا جواب
- بیٹی اور بہو کے حقوق

فہرست مضامین

اداریہ

مجلہ "بناتِ خدیجۃ الکبریٰ" کا اہم مقصد

الحمد للّٰہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللّٰہ اما بعد:

فأعوذ باللّٰہ من الشیطن الرجیم   بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

وجاهدوا في اللّٰہ حق جهاده


اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کریں تو ہم یہ جان جائیں گے کہ دینی احکام جیسے مردوں پر لاگو ہوتے ہیں، خواتین اس سے بلکل بھی مستثنیٰ نہیں ہیں، سوائے چند مخصوص احکام کے، جن میں سے بعض خواتین اور بعض مردوں کے ساتھ خاص ہیں ۔ اسی طرح جہاد اور ظلم و جبر کے خلاف مقابلہ کرنے میں بھی خواتین کو مخصوص طریقے کے ساتھ جدوجہد کرنے کا حکم ہے ۔

چونکہ حالات ایسے ہیں کہ سیَر کی روشنی میں فقہاء کی تصریحات کے مطابق خواتین کو میدان جنگ پر لے جانا مناسب نہیں ہے تو ان پر لازم ہے کہ وہ خط و کتابت، میڈیا کے استعمال سے لیکر مالی مدد تک تمام وہ طریقے استعمال کریں جس سے اسلام، مسلمانوں اور مجاہدین کو فائدہ اور ان کے دشمن کو نقصان ہو اور خواتین جہاد کی فرضیت کے ذمے سے بھی فارغ ہوجائیں ۔ کم از کم اللہ کے حضور کھڑے ہوکر یہ تو کہہ سکیں گی کہ یا اللہ! ہم نے تیری راہ میں تیرے دین کی سربلندی کی خاطر اتنا کردار تو ادا کیا، جتنا ایک بلبل (یا کسی اور ننھے پرندے) نے ابراہیم علیہ السلام کی آگ کو بجھانے کیلئے ادا کیا ۔

تو محترم بہنو!

یہی مجلہ "بناتِ خدیجۃ الکبریٰ" کا اہم مقصد ہے کہ ہماری وہ بہنیں جو ہم سے رابطے میں ہیں اور خط و کتابت کی صلاحیت رکھتی ہیں، اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے مضامین ہم تک پہنچائیں، جس میں دعوت جہاد کے ساتھ ساتھ، اصلاح نفس اور دین سے دور مسلمان بہنوں کیلئے وعظ و نصیحت ہو تاکہ وہ اپنی خلقت کے بنیادی مقاصد سے باخبر ہوں ۔

لہذا، اپنی خط و کتابت کی صلاحیت کو صحیح جگہ استعمال کریں اور تحریک طالبان پاکستان کے مجلہ "بناتِ خدیجۃ الکبریٰ" کیلئے اسلامی و جہادی مضامین و حکایات تحریر کرکے ارسال کریں ۔ اللہ رب العزت آپ کی صلاحیتو کو مزید بڑھائے اور آپ کی کاوشوں کو قبول فرمائے ۔ آمین ۔



مرد عورت کا فرق، لبرلز کا عجیب فلسفہ

خدیجہ قریشی

ہم جب سوشل یا الیکٹرانک میڈیا پر خواتین کے حقوق کے حوالے سے مواد دیکھتے ہیں تو دیکھنے میں آتا ہے کہ کچھ خواتین، گھروں میں شوہر، والدین، ساس، سسر اور گھر کے دیگر افراد کی خدمت کو بوجھ اور اپنے اوپر ظلم سمجھتی ہیں اور دوسروں کو بھی یہ غلط فلسفہ سمجھانے کی کوشش کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر وہ کہتی ہیں:

میں بچوں کی دیکھ بال کرتی ہوں تو میرا خاوند کیوں نہیں کرتا؟

میں کھانا بناتی ہوں تو میرا خاوند کیوں نہیں بناتا؟

میرا ساس اور سسر سے کیا لینا دینا، یعنی میں ان کی خدمت کیوں کروں؟

اس کے علاوہ ہماری بعض بہنیں گھر میں اصولی طور پر پابند زندگی کو بھی تنقید کا نشانہ بناتی ہیں۔

مغرب کی دلدادہ خواتین ہمارے معاشرے میں خواتین کے حوالے سے جتنی بھی بات چیت کرتی ہیں اس سب کا دارومدار اسی پر ہے کہ خواتین مردوں جیسی زندگی کیوں نہیں گزارتیں یا کیوں نہیں گزار سکتیں؟۔

اس کے کئی جوابات دیئے جاسکتے ہیں۔ میں یہاں ذرا مختصر کر کے بیان کروں گی تاکہ آسانی کے ساتھ بات سمجھ میں آسکے۔

سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ انسانوں میں ہی نہیں بلکہ تمام جانداروں کے نر و مادہ میں فطری طور پر فرق ہوتا ہے یہاں تک کہ سائنسدان پودوں اور درختوں میں بھی اس نوعیت کا فرق بیان کرتے ہیں۔ آپ ٹی وی پر دیکھتے ہی ہوگے کہ شیر و شیرنی، مرغا و مرغی اور گائے اور بیل وغیرہ کی زندگیوں میں کتنا فرق ہوتا ہے؟۔ مرد و عورت کی زندگیاں بھی فطرتاً ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ وہ طاقت، جرأت، صلاحیت، جلالت اور شان و شوکت جو مرد کو حاصل ہے وہ عورت میں کہاں ہے؟۔ ہاں یہ ہے کہ خواتین میں اپنی صلاحیتیں موجود ہیں مگر اس کا یہ مطلب یہ نہیں کہ وہ مرد کا مقابلہ کر سکتی ہیں۔ اس کی ایک مثال یوں لے لیں کہ ایک خاتون کسی جگہ کام کرتی ہے جہاں مرد اسے گھورتے ہیں تو کیا وہ مطمئن یا کمفرٹیبل رہ سکتی ہے؟ اس کے بالمقابل مرد کو اس کی کوئی پرواہ ہی نہیں ہوتی بلکہ وہ اسے گھورنا سمجھتا ہی نہیں ہے۔ یہی ہے فطری فرق۔

اسی طرح سپورٹس و شوبز وغیرہ کے حوالے سے بھی یہ بات زیادہ ہوتی ہے کہ یہ فرق نہیں ہونا چاہئے۔ اگر خواتین کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ مرد کے برابر ہیں، مرد کرکٹ و فوٹبال کھیل سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں؟ تو ایسا سوال بھی تو بنتا ہے کہ کیا آپ کرکٹ و فوٹبال میں ہی مرد کا مقابلہ کر سکتی ہیں؟

خواتین کیلئے الگ ٹیم کا انتخاب کیوں ہے؟

ایک ملک کے کچھ انٹرنیشنل کھلاڑی مرد اور کچھ خواتین کیوں نہیں ہیں؟

ان کی تنخواہوں، سپانسر اور میچ فیس سمیت کئی چیزوں میں یہ واضح فرق کیوں نظر آرہا ہے؟

اس کا مطلب تو ہمیں یہی سمجھ میں آتا ہے کہ مرد اور خواتین کی صلاحیتوں میں ہی فرق ہے اور اہل مغرب بھی اسے تسلیم کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ ایک خاتون مرد جتنی طاقتور و باصلاحیت ہو ہی نہیں سکتی اور یہ فرق فطری ہے کسی نے خود سے نہیں بنایا۔

یہاں سوشل میڈیا پر معروف مفتی طارق مسعود صاحب کا ایک لطیفہ ملحوظ ہو: وہ کہتے ہیں کہ آپ مرغی اور مرغے کو دیکھیں، مرغا کیسے اکڑتا ہوا تین تین چار چار مرغیوں کو لیکر چلتا ہے اور بالمقابل مرغیوں کو دیکھیں نہ تو وہ اکڑ کر چلتی ہے اور نہ ہی اس کے پیچھو کوئی مرغی یا مرغا چلتا ہے۔

خاتون کو نام نہاد برابری اور مساوات کے پیچھو لگا کر غیرت و حیاء سے عاری مردوں نے ان کا کیسے کیسے استعمال کیا اور کر رہے ہیں، اس سب

کے حوالے سے آپ مسلسل دیکھ اور سن بھی رہے ہوگے کہ مختلف دفاتر اور انڈسٹریز میں کیا کیا نہیں ہوتا؟۔ یہ تو انگریزوں اور خاتون کا جنسی استحصال کرنے والوں کے رکھے گئے نام ہیں فلاں خاتون ایکٹر ہے، فلاں سِنگر ہے اور فلاں ماڈل ہے۔ حقیقت تو یہی ہے کہ خاتون کو چند پیسے دیکر ان کا حیاء سلب کیا جاتا ہے، مختلف طریقوں سے اس کی عزت مجروح کر کے دنیا کو دکھایا گیا اور اسے چند دنوں کی جعلی عزت سے نوازا گیا۔ اس حوالے سے آپ کئی خواتین کی انٹرویوز دیکھ سکتے ہیں۔

ہمارے پاکستان کی کچھ ڈرامہ ایکٹریسز ہیں جو بڑے جہر سے یہ کہتی ہوئی سنی گئی ہیں کہ وہ مرد کی محتاج نہیں، اسے شوہر کی ضرورت نہیں اور وہ اگر خود سے کچھ بھی کرنا چاہے تو کر سکتی ہے، میرا جسم میری مرضی وغیرہ ناشائستہ الفاظ کا استعمال کرتی ہیں۔ مگر حقیقت میں وہ ایک باس کے سامنے دست بستہ کھڑی رہتی ہے کہ کوئی اشارہ ملے اور میں اس کا کھلونا بنوں اور چند پیسے ہاتھ آجائیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حقائق سے انکار کر کے اور زندگی کی جعلی تصویر لوگوں کے سامنے رکھ کر معلوم نہیں یہ خواتین کیا ثابت کرنا چاہتی ہیں؟۔

یہ تو چند عقلی باتیں ہوئیں، اصل چیز ہمارے لئے ہماری اسلامی تعلیمات ہیں۔ اللہ رب العزت نے اپنے پیارے رسول کو خواتین کے بارے میں جن تعلیمات کے ساتھ مبعوث فرمایا تو اس میں بھی اس فطری فرق کو ملحوظ رکھا گیا۔ مرد کو گھر کی سربراہی سے لیکر ریاست کی سربراہی کیلئے خاص کیا تو اس کیلئے قرآنی ارشادات کے بعد دوسری دلیل کی ضرورت شاید نہ ہو مگر اس پر اللہ رب العزت نے مرد کی سخاوت اور مال خرچ کرنے کو دلیل کے طور پر پیش کیا۔ ہم اپنے معاشرے میں بھی دیکھتے ہیں کہ مرد تو سالہا سال کما کر بیوی بچوں کو کھلاتا ہے مگر دوسری جانب عورت دو پیسے کمائے تو جتانے لگتی ہے اور مشکل سے ہی گھر کے کاموں میں صرف کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

الرجال قوامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علی بعض وبما أنفقوا من أموالھم •

ترجمہ: مرد ذمہ دار ہیں عورتوں کے، بہ سبب اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بعض کو بعض پر فضیلت دی اور بہ سبب اس کے کہ یہ اپنے مال میں سے خرچ کرتے ہیں۔

تفسیر: اس آیت کے تحت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے دنیا میں خاص حکمت و مصلحت کے تحت ایک کو ایک پر بڑائی دی ہے، کسی کو افضل کسی کو مفضول بنایا ہے جیسے ایک خاص گھر کو اللہ نے بیت اللہ اور قبلہ قرار دے دیا، بیت المقدس کو خاص فضیلت دے دی، اسی طرح مردوں کی حاکمیت بھی ایک خداداد فضیلت ہے، جس میں مردوں کی سعی وعمل یا عورتوں کی کوتاہی و بے عملی کا کوئی دخل نہیں ہے۔ مزید فرماتے ہیں کہ دوسرا اشارہ (مال خرچ کرنا) ایک اہم اصول زندگی کے متعلق یہ بھی ہے کہ عورت اپنی خلقت و فطرت کے اعتبار سے نہ اس کی متحمل ہے کہ اپنے مصارف خود کما کر پیدا کرے، نہ اس کے حالات اس کیلئے سازگار ہیں کہ وہ محنت مزدوری اور دوسرے ذرائع کسب میں مردوں کی طرح دفتروں اور بازاروں میں پھرا کرے۔ اسی لئے حق تعالیٰ نے پوری ذمہ داری مردوں پر ڈال دی، شادی سے پہلے باپ اس کا متکفل ہے اور شادی کے بعد شوہر۔ آگے لکھتے ہیں کہ ان دونوں وجہوں کے ذریعے بتلا دیا گیا کہ مردوں کی حاکمیت سے نہ عورتوں کا کوئی درجہ کم ہوتا ہے اور نہ ان کی اس میں کوئی منفعت ہے، بلکہ اس کا فائدہ بھی عورتوں ہی کی طرف عائد ہوتا ہے۔{معارف القرآن ۲: ۴۴۷)

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

چنانچہ مشاہدہ ہے کہ خدا نے عورت و مرد کی خلقت میں کتنا فرق رکھا ہے؟

مرد جسمانی قوت میں عورت سے زیادہ ہوتا ہے

عقل مرد کی زیادہ ہوتی ہے

آواز مرد کی بلند ہوتی ہے

مرد عورت سے رائے میں زیادہ پختہ ہوتا ہے

اور عورت کو دیکھا جائے تو اس کی ہر چیز مرد سے کم نظر آتی ہے، ظاہری اعضاء کی بناوٹ میں بھی اور عقل و رائے میں بھی۔{اشرف الجواب ۴۱۳)

اسی طرح درجنوں احادیث مبارکہ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مرد و عورت کی نماز سے لیکر تجارتی مسائل تک میں فرق دکھایا گیا ہے۔

مذکورہ سطور سے آپ نے یہ سمجھ لیا ہوگا کہ مرد و عورت کے درمیان کا فرق فطری ہے اور اس باب میں از روئے شریعت بہت کچھ لکھنے کو ہے مگر اس پر اس بنا پر اکتفا کیا جائے کہ یہاں شرعی دلائل بھی موجود ہیں یہ صرف علماء کی بنائی گئی باتیں نہیں ہیں، جس طرح آج کل کے چند جہلاء سے سننے میں آتا ہے۔

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ بعض نادان خواتین خود کو گھروں میں رہنے یا باپردہ رہنے کی وجہ سے مظلوم سمجھتی ہیں یا وہ سمجھتی ہیں کہ بس ہم ہی قید میں ہیں۔ اس بارے میں بھی طویل گفتگو کی جاسکتی ہے مگر اصل بات یہ ہے کہ صرف خواتین ہی نہیں بلکہ مرد بھی مختلف قیودات میں زندگی گزارتے ہیں۔ جیسا کہ گھر، نان ونفقے کا انتظام کرنا وغیرہ... اور یہ کتنا مشکل کام ہے، ایک غریب باپ ہی اس کا جواب دے سکتا ہے۔

ایک مجاہد کی بیوی کا تشکیل پر موجود شوہر کے نام خط

میرے پیارے اور محترم ہمسفر!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ ہمارے بچے خط لکھتے وقت بھی میرے پاس کھڑے ہو کر پوچھ رہے تھے کہ ہمارا بابا کب آئیں گے؟۔ آپ نے کہا تھا کہ رمضان میں آئیں گے پھر کہا کہ چھوٹی عید پر آئیں گے، پھر کہا کہ بکرا عید پر آئیں گے۔

امی! ہمارے بابا کا رابطہ ہوتا ہے؟

امی! وہ شہید یا گرفتار تو نہیں ہوئے؟

امی! اگر ہمارے بابا واپس نہ آئے تو ہم کیا کریں گے؟

امی! ابو کو خط میں لکھ دیں کہ وہ گھر آجائیں

امی! ان سے کہیں کہ بس ہم سے اور نہیں رہا جاتا

امی! انہیں لکھیں کہ باہر کسی بھی موٹر سائیکل کی آواز سن کر ہمیں آپ کی یاد آتی ہے

امی! کتنا مزہ آئے گا نا... جب ہم دروازے کی طرف دوڑ کر بابا کو گلے لگائیں گے۔

خیر... میں بھی کیا کیا لکھ کر آپ کو افسردہ کر رہی ہوں۔

اللہ کی راہ کے اس سفر میں آپ کے ساتھ میرے ہاتھوں سے کپڑے میں لپٹی ہوئی پانی کی بوتل، عطر کی شیشی، آئنہ اور کنگھی، سوئی دھاگہ، میرے ہاتھوں نقش کدہ رومال اور چادر آپ کو شاید آپ کی ہمسفر کی یاد دلائیں۔

میں اس بات سے سو فیصد مطمئن ہوں کہ آپ نے اللہ کی راہ میں سفر کو اس پر ترجیح دی کہ آپ محنت مزدوری کر کے ہمیں کھلائیں، ہر شام ہماری ملاقات ہو، ہماری عام سی زندگی ہو، آپ اپنے بچوں کے ساتھ رہیں، روزانہ انہیں اسکول و مدرسہ چھوڑنے جائیں، انہیں بازار لیجا کر شاپنگ کروائیں، انہیں پارک لیجا کر تفریح کروائیں اور مجھے ہر ماہ میکے لیجائیں۔ یہ ہر کسی کیلئے شاید نہ ہو مگر میرے لئے اطمئنان بخش ہے کہ میرا شوہر اپنوں سے دور جنگلوں اور دریاؤں کا سفر اس لئے طے کر رہا ہے کہ وہ مظلوموں کا ساتھی ہے، حق کا راہی ہے اور اس کا وجود ہی توحید کی گواہی ہے۔

میں اب بھی اپنے آنسو پونچھ کر یہ بات لکھ رہی ہوں کہ اس راہ میں شاید آپ کو جیل یا موت کا سامنا کرنا پڑے، آپ دشمن کے ہاتھوں مار کھائیں، ایک تہہ خانے میں زندگی کا حصہ اس حال میں گزرے کہ آپ کو میری یاد بھی ستائے یا آپ کا جنازہ اس حال میں پڑھایا جائے کہ آپ کے بیوی بچے آپ کا دیدار بھی نہ کر سکیں مگر... میرے اطمئنان پر شاید آنچ نہ آئے۔ ان شاء اللہ تعالی۔

آپ یونہی مظلوموں کا ساتھ دیتے رہیں، بندوق ہاتھ سے جانے نہ دیں، ظالموں کی آنکھوں کا کانٹا بنے رہیں، ان جابرہ کے ہاتھ تھامے رکھیں، مظلوم خواتین کو اپنی بہنیں تصور کریں، دشمن کی گولیاں اپنے سینے میں ٹھنڈا کریں اور یہ ثابت کریں کہ اس امت میں اب بھی مائیں مجاہدین پیدا کرتی ہیں۔ مگر یہ یاد رکھنا کہ آپ کی محبوبائیں ایک طرف اگر جنت میں آپ کا انتظار کر رہی ہیں اور آپ بھی ان سے ملے بغیر نہیں رہ سکتے تو دوسری طرف دنیا کے ایک کونے میں بھی ایک خاتون آپ کی محبت میں گرفتار ہے جو زندہ لوٹنے پر آپ کے سامنے مسکرا کر آپ کی ساری تھکاوٹ دور کر سکتی ہے۔

والسلام

آپ کی وفادار





تعلیمی اداروں میں لڑکیوں کی ابتر حالت

ام محمد آفریدی

شرافت و کرامت اور سعادتِ دارَین کا بہترین ذریعہ علم ہے، مقصدِ تخلیقِ انسانی تک رسائی علم ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ سنگلاخ وادیوں، چٹیل میدانوں اور زمینوں کو مَرغ زاری اور جنگل میں منگل کا سماں علم ہی کی بہ دولت ہے۔ اسی علم کی بدولت انسانوں نے سمندروں اور زمینوں کی تہوں سے معدنیات کے بے انتہا ذخائر نکالے ہیں اور آسمان کی بلندیوں اور وسعتوں کو چیر کر تحقیق و اکتشاف کے نت نئے پرچم لہرائے ہیں، اور اگر بات کو سمیٹنا چاہیں تو کہا جاسکتا ہے کہ دنیا میں رونما ہونے والے تمام محیر العقول کارنامے علم ہی کے مرہونِ منت ہیں۔

اتنا علم حاصل کرنا ہر مسلمان کا فریضہ ہے جس سے وہ اپنی زندگی اسلام کے اصولوں کے تحت گزار سکے، اور اِس فریضے کو بہ طریقِ احسن سرانجام دینے کے لئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرپرستوں کو تعلیم دلانے کی ترغیب دی ہے، خصوصاً خواتین کی اصلاح و تربیت کے حوالے سے اسلام کے بہت سے احکام ہیں، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "من عال ثلاث بناتٍ أو ثلاثَ أخواتٍ أو أختين أو ابنتين فأَدَّبَهُنَّ وأحسن إليهن وزَوَّجَهُنَّ فله الجنة" (جامع الأصول من أحاديث الرسول) یعنی "جس نے تین بیٹیوں یا تین بہنوں یا دو بہنوں یا دو بیٹیوں کی کفالت کی اور انہیں ادب سکھایا اور ان کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور ان کی شادی کی تو اس کے لئے جنت ہے"۔

بخاری شریف میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کی تعلیم و تربیت کے لئے ایک دن مقرر کیا تھا، حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں: قَالَتِ النِّسَاءُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَلَبَنَا عَلَيْکَ الرِّجَالُ، فَاجْعَلْ لَنَا يَوْمًا مِنْ نَفْسِکَ، فَوَعَدَهُنَّ يَوْمًا لَقِيَهُنَّ فِيهِ، فَوَعَظَهُنَّ وَأَمَرَهُنَّ. یعنی: خواتین نے نبی علیہ الصلاۃ والسلام سے کہا کہ مرد آپ پر ہم سے غالب

ہو گئے ہیں (یعنی انہیں آپ پورا وقت دے دیتے ہیں) ہمارے لئے ایک دن مقرر کریں، تو آپ نے ان سے ایک دن کا وعدہ فرمایا، ان سے ملتے اور انہیں وعظ کرتے اور اوامر جاری کرتے۔

عورت کی حقیقی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ گھر کی ذمہ داری پوری کرے اور اس کو سنبھالے، مثلاً گھر کو ترتیب دینا، اس کو خوبصورت اور صاف ستھرا رکھنا، بچوں کی تربیت کرنا، گھریلو سامان میں میانہ روی اختیار کرنا اور ساتھ ساتھ خاندانی اور عائلی ذمہ داریوں کو پورا کرنا۔ کسی بھی معاشرے میں عورت کی معاشرتی حیثیت جب ماں، بیٹی، بہن اور بیوی کی صورت میں ہوتی ہے تو اُس کا احترام برقرار رہتا ہے، اور اس کے لئے عوامی بیداری کی کوئی تحریک نہیں چلانی پڑتی، کیونکہ مذکورہ تمام مناصب اپنے اندر عزت واحترام رکھتے ہیں۔

تب ہی تو شاعرِ مشرق علامہ اقبال رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر عورت ماں ہے، بیوی ہے تو زَن ہے اور ایسی عورت شمع انجمن نہیں، چراغ خانہ ہے۔ رونق محفل نہیں، گھر اس کی تمام مصروفیات کا محور ہے، شوہر اس کی تمام دلچسپیوں کا مرجع اور اولاد اس کی تمام شفقتوں کا مرکز ہے، اور یہ سب کچھ بغیر تعلیم و تربیت کے ممکن نہیں ہے۔

مگر جب غیروں کی تقلید میں عورت کو سرمایہ کے حصول کے لئے انجینئر، ماہرِ معاشیات، ماہرِ مینیجمنٹ، ائیر ہوسٹس، فون آپریٹر وغیرہ بنانے کے لئے کسی کالج و یونیورسٹی بھیج دیا جاتا ہے تب اس کی عزت و شرافت کو داغدار ہونے سے بچانے کے لئے جتنے بھی جتن کئے جائیں وہ بے سود ہی ثابت ہوں گے، پھر اس کے لئے عوامی بیداری جو بھی تحریک چلائی جائے اس کا خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔

عوامی شاعر اکبر الہٰ آبادی رحمہ اللہ نے کیا خوب کہا ہے:

تعلیم عورتوں کی ضروری تو ہے مگر
خاتون خانہ ہوں وہ سبھا کی پری نہ ہوں

پاکستان سمیت دنیا بھر کے تعلیمی اداروں کا ماحول جس خطرناک حد تک خراب ہو چکا ہے اُسے زیرِ قلم لانا فحاشی کو فروغ دینے کے مترادف ہے، تعلیمی اداروں میں ثقافت کے نام پر جو مختلف پروگرامات ہوتے ہیں ان میں حصہ لینا ایک باحیا انسان کے لئے ناممکن ہو چکا ہے۔ اسی طرح ادب کے نام پر جو مضامین شاملِ نصاب ہیں وہ اتنے بے حیا مواد پر مشتمل ہیں کہ نہ جانے اساتذہ اُن کے کیسے پڑھاتے ہوں گے؟! اور ملکِ عزیز میں جو نظامِ تعلیم رائج ہے وہ وہی فرنگی نظام تعلیم ہے جس کے بارے میں شاعرِ مشرق ضربِ کلیم میں فرماتے ہیں:

تہذیب فرنگی ہے اگر مرگِ امومت
ہے حضرت انسان کے لئے اس کا ثمر موت
بے گانہ رہے دین سے اگر مدرسہ زن
ہے عشق و محبت کے لئے علم و ہنر موت
جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن
کہتے ہیں اس علم کو اربابِ نظر موت

آج پوری دنیا میں سیکولر ذہنیت کے فروغ کے لیے جتنے ذرائع کو استعمال کیا جا رہا ہے ان میں سب سے خطرناک ذریعہ موجودہ تعلیمی ادارے ہیں، اور ان تعلیمی اداروں میں بچوں کی بنسبت بچیوں کی طرف توجہ زیادہ دی جا رہی ہے، کیونکہ عورتیں ناقصات العقل والدّین ہیں، انہیں آسانی سے ورغلایا جا سکتا ہے، اور پھر یہ بات کسی سے پوشیدہ نہیں کہ ایک خراب بچی (جب وہ ایجوکیٹڈ بھی ہو) پورے معاشرے کے لئے وبالِ جان اور سوہانِ روح بن جاتی ہے۔

خاندانی سسٹم (جس میں کافی حد تک حیاء کا عنصر موجود تھا اور اس کی بدولت معاشرہ میں اسلامی جھلک نظر آتی تھی) ملکِ عزیز میں رفتہ رفتہ ختم یا کمزور ہوتا جا رہا ہے، اس خرابی میں بڑا ہاتھ پاکستان کے تعلیمی اداروں میں موجود نصاب، نظام اور ماحول کا ہے، ایک جوان بچی جب ایسے ماحول میں تعلیمی ادارے کی طرف نکلتی ہے جس میں خواہش پرست لوگوں کی بہتات ہو، اور خصوصاً جب معاشرہ ایسا ہو کہ حکومتی سطح پر فحاشی کو فروغ دیا جاتا ہو تو گھر سے نکلتے ہی اس کی عزت داؤ پر لگنا شروع ہو جاتی ہے، محلے کے اوباش لڑکوں سے لیکر بس سٹاپ تک، اور بس سٹاپ سے لیکر تعلیمی ادارے تک جگہ جگہ حریص نگاہیں اسے گھور رہی ہوتی ہیں، اور جب وہ اپنے تعلیمی ادارے پہنچتی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کی عزت بچ گئی، بلکہ اَب

اسے جس امتحان کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ انتہائی کٹھن ہوتا ہے، کیونکہ پاکستان کے تقریباًہر تعلیمی ادارے میں منظم طور پر غنڈوں کے کئی گنگ فعال ہیں، جنہیں پولیس کی سرپرستی حاصل ہوتی ہے، اور انتظامیہ کی خاموش تائید نے معاملہ کو مزید خراب کر رکھا ہوتا ہے، چوکیدار وغیرہ سے لیکر سٹوڈنٹس وٹیچرز تک سے اپنی عزت کو بچانا ایک باحیاء لڑکی کے لئے جان جوکھوں میں ڈالنے کے مترادف ہے۔ اور اگر خدانخواستہ لڑکی میں معمولی کج روی ہو تب تو ایسے واقعات رونما ہوتے ہیں کہ جنہیں زیرِ تحریر لانا مشکل ہے، البتہ ایسے واقعات ماڈرن اخبارات ورسائل میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔

آج کل یہ شکایت عام ہے کہ میری بچی بھاگ گئی، مگر جب پوچھا جاتا ہے کہ کیسے؟ تو جواب سن کر یہی کہنا پڑتا ہے کہ جب اپنی جوان بچی کو ایسے کالج اور یونی ورسٹی بھیجو گے جس میں مخلوط نظام تعلیم ہو، جس میں معلمین وانتظامیہ مغرب کی تقلید میں لڑکوں اور لڑکیوں کو آزادی کی درس اپنا فریضہ سمجھ کر ادا کر رہے ہوں، جہاں میرا جسم میری مرضی کے نعرے لگ رہے ہوں، جہاں حقوقِ نسواں کے نام پر شیطانی مشنریز سرگرم عمل ہوں تو پھر یہ شکایت مجھے تو بے جا ہی دکھائی دیتی ہے۔

آج ہمارے ملک میں جو نظام تعلیم اور نصاب رائج ہے، اس سے یہ امیدیں لگانا بے سود ہیں کہ ایک اچھا معاشرہ تشکیل پائے گا، ہمارا تعلیمی نظام خواتین میں جو صلاحیت پیدا کرنے کے لئے کوشاں ہے وہ صلاحیت مارکیٹ کو سنبھالنے کے لئے تو صحیح ہے مگر گھریلو امور انجام دینے کے لئے، خاندانی سسٹم، اور مذہبی کلچر کو مضبوط کرنے کے لئے کسی بھی صورت موزون نہیں، ہمارے ملکی تعلیمی اداروں کی تمام تر کوششیں یہی دکھائی دیتی ہیں کہ کس طرح عورت کی صلاحیت کو مارکیٹنگ کے داؤ وپیچ کے قابل بنایا جائے؟

ملک بھر میں پرائمری سے لیکر یونیورسٹی تک مخلوط تعلیمی اداروں نے جو بیماری طلباو طالبات میں پیدا کر دی ہے وہ ہمارے معاشرے اور تمدن کو گھن کی طرح چاٹ رہی ہے، ان مخلوط تعلیمی اداروں سے انجینئر، ڈاکٹر، اور سائنسدان کے روپ میں محب وطن بننے کی بجائے رومانوی داستانوں کے ہیر وجنم لے رہے ہیں، جو دن رات ہیر رانجھا، لیلی مجنوں اور شیرین فرہاد کے روپ دھار رہے ہیں، اور عشق ومحبت کی نئی داستانیں رقم کر رہے ہیں، عشق ومحبت کا یہ مرض ہمارے ملک کے تعلیمی اداروں میں کس حد تک پھیل چکا ہے، اور چھوٹی کلاسز سے لے کر بڑی کلاسز کے طلباو طالبات کس قدر اس مرض کا شکار ہیں اور جنوں کی حدود وقیود سے باہر ہیں، جوان عشق کی وادیوں میں ایسے گم ہو جاتے ہیں کہ چھوٹے بڑے، اپنے پرائے اور استاد شاگرد کی تمیز سے بھی خالی ہو جاتے ہیں۔

اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ وطنِ عزیز کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں مغربی افکار سے متاثر سرگرمیاں اپنائی جاتی ہیں حتی کہ غمی اور خوشی کے مواقع کا اظہار بھی انہی اصولوں اور طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے، جس طرح مغرب کے سکولوں اور کالجز میں کیا جاتا ہے، اس بات سے کوئی سروکار نہیں ہوتا کہ اسلام ان احساسات کے اظہار کے متعلق کیا رائے رکھتا ہے اور اس کے اظہار کا کیا طریقہ بتلاتا ہے؟ وطنِ عزیز کے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اہداف میں یہ بات شامل ہی نہیں ہوتی کہ یہاں سے نکلنے والی طالبہ ایک اچھی اور بابصیرت مسلمان خاتون ہو۔ بلکہ ان اداروں کے منتظمین کی یہی کوشش رہی ہے کہ اساتذہ کی مخلوط تقرری کی جائے، لڑکوں کے لئے خواتین معلمات و لیکچرار کی تقرری کی جاتی ہے اور لڑکیوں کے لئے مرد معلمین و لیکچرار کی تقرری کی جاتی ہے۔

ہمارے یہاں تعلیم کے میدان میں ملکی سطح پر کوئی بھی ایسا نظام موجود نہیں ہے جو ہمارے بچوں اور بچیوں کی دینی ضروریات کو بطریقۂ احسن پایۂ تکمیل تک پہنچادے اور اچھے ماحول میں علم فراہم کرے، بلکہ پورے ملک کی سطح پر سیکولرزم اور الحاد کی فضاء عام ہو رہی ہے، یہی وجہ ہے کہ سیاسی، سماجی اور معاشرتی مسائل معاملات میں دین سے رہنمائی لینے کا رجحان دن بدن گھٹ رہا ہے۔ جس کی دیگر وجوہات کے ساتھ ساتھ ایک وجہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں تعلیمی نظام، تعلیمی نصاب اور تعلیمی ماحول میں خرابی ہے، حالانکہ کسی بھی معاشرے کی اصلاح یا بگاڑ میں سب سے مؤثر چیز تعلیم ہوتی ہے، اور تعلیم میں نظام، نصاب اور ماحول بنیادی عناصر ہیں، جو وطنِ عزیز میں کسی بھی طرح درست نہج پر نہیں۔ ان سب کی اصلاح کی ضرورت ہے، اور اصلاح بھی معمولی نہیں کہ نصاب میں شامل چند غیر مناسب عبارات یا تصاویر کا اخراج کافی ہو جائے، بلکہ از سرِ نو تعلیمی ڈھانچہ تشکیل دینا ہوگا جس سے تعلیمی عمل کو اسلامی تناظر میں ڈھالا جا سکتا ہے۔

وصلی اللّٰہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ صحبہ اجمعین

بیٹی اور بہو کے حقوق

ام عبداللہ



نکاح کے ذریعے ایک خاندان وجود میں آتا ہے۔ لڑکا اور لڑکی، جن کے درمیان رشتۂ نکاح قائم ہوتا ہے، اس کے بنیادی رکن ہوتے ہیں۔ نکاح سے قبل لڑکی اپنے ماں باپ، بھائی بہنوں کے درمیان رہتی ہے اور ان کے پیار و محبت کے سایے میں اس کی پرورش ہوتی ہے۔ نکاح کے بعد وہ اپنے شوہر کے گھر منتقل ہوتی ہے تو وہاں ویسے ہی افراد اس کا استقبال کرتے ہیں۔ ساس اور سسر کی حیثیت ماں باپ کی سی ہوتی ہے۔ جس طرح لڑکی اپنے حقیقی ماں باپ سے محبت اور احترام کرتی ہے اسی طرح کی محبت اور احترام کے اس کی ساس اور سسر بھی مستحق ہوتے ہیں۔ سسرال کے دوسرے افراد سے بھی اس کا رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ اس لیے رشتے داروں کے جو حقوق قرآن و حدیث میں بیان کیے گئے ہیں اور صلہ رحمی کی جتنی تاکید کی گئی ہے، اس کی انجام دہی ایک نیک، دین دار اور شریف لڑکی کی پہچان ہے۔

لڑکی اپنے گھر سے سسرال منتقل ہوتی ہے تو اپنے ساتھ کچھ حقوق لے کر آتی ہے اور کچھ فرائض اس پر عائد ہوتے ہیں۔ اس کے حقوق سے تجاہل برتنا اور صرف فرائض کی انجام دہی کا مطالبہ کرنا مبنی بر انصاف رویہ نہیں ہے۔ نئی نویلی دلہن کا حق ہے کہ اسے اپنے شوہر کے ساتھ آزادانہ خلوت کے مواقع حاصل ہوں۔ گھر میں اسے اتنی آزادی ہو کہ وہ اپنے شوہر کے حسب منشا اس کے لیے زیب و زینت اختیار کر سکے۔ سسرالی رشتے داروں میں سے جو اس کے لیے نامحرم ہوں، ان سے وہ پردہ کر سکے۔ اگر وہ گھر گرہستی کے کچھ سامان اپنے میکے سے لائی ہو تو ان پر مالکانہ تصرف کرنے کا اسے اختیار ہو۔ اپنی مملوکہ چیزوں کی حفاظت اس کے بس میں ہو۔

نظام خاندان میں اسلام نے شوہر کو 'قوام' یعنی نگراں و منتظم بنایا ہے۔ بیوی کی ذمے داری ہے کہ معروف میں اس کی اطاعت کرے اور اس کی مرضی کے خلاف کاموں سے بچے۔ ہمارے ملک میں ہندو کلچر کے زیر اثر مشترکہ خاندانی نظام کو پسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کے نفری قوت، جائداد کا ارتکاز اور دیگر فائدے بیان کیے جاتے ہیں، لیکن دینی نقطۂ نظر سے اس میں جو مفاسد پائے جاتے ہیں انہیں نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ بیوی کو شوہر کے ساتھ آزادانہ خلوت اور زیب و زینت اختیار کرنے کے مواقع حاصل نہیں ہوتے اور بہو نہ صرف ساس، سسر، بلکہ نندوں اور دیوروں کی بھی خادمہ بن کر رہ جاتی ہے۔ یہی نہیں، بلکہ اس میں پردہ کے تقاضے بھی بری طرح مجروح ہوتے ہیں۔

ساس کو چاہیے کہ وہ اپنی سوچ کو تبدیل کرے اور یہ سمجھ لے کہ یہ کسی اور کی نہیں ان کی ہی بیٹی ہے۔ جو کہ خدا نے آپ کو ان بیٹیوں کی جگہ عطا کی ہے جو کہ آپ کے گھر سے اپنے گھروں میں جا کر بس چکی ہیں۔ جن بیٹیوں کو آپ نے جنم دیا وہ اب کسی دوسرے گھر کی ہو چکی ہیں اور جو آپ کی خدمت کر رہی ہے اب آپ کی بیٹی ہے جسے اچھے سلوک کی ضرورت ہے۔ ایسے کتنے ہی خاندان ہیں جہاں گھر کی بہو نے سارے معاملات کو سنبھال رکھا ہے۔ جو ساس سسر کی خدمت کرنے کے ساتھ ہی شوہر اور بچوں کی ذمہ داریاں بھی پوری کر رہی ہے۔ مگر اس کے باوجود بہت سے گھرانوں میں اسے سکون کی زندگی نصیب نہیں ہو پاتی۔

اگر ہم اپنی معاشرتی زندگی میں ہونے والی ان تبدیلیوں اور مسائل کا گہرائی سے جائزہ لیں تو اندازہ ہو گا کہ اس کا بنیادی سبب دین سے دوری ہے کیوں کہ دین ہی وہ چیز ہے جو ہمیں حقوق اللہ اور حقوق العباد کا شعور عطا کرتا ہے۔ ہمارا دین ہمیں ایثار اور دوسروں کے لیے قربانی دینا سکھاتا ہے۔ یہ حقوق سے زیادہ فرائض کی ادائیگی اور ہر صورت میں احسان کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔

شوہر کی خدمت

ام سالم یوسفزئی

خلیل جبران تمثیلات میں لکھتے ہیں: ''تالاب میں پتھر گرا، پانی میں لہریں اٹھیں اور دور چاروں طرف کناروں سے ملنے لگیں۔ ساتھ ہی ایک درخت تھا، اسے بھی جوش آیا، اس نے بھی تالاب میں ایک پتہ گرا دیا، لیکن نہ شور ہوا اور نہ تالاب میں لہریں پیدا ہوئیں۔ میں اسے دیکھ رہا تھا، میں نے کہا: اے بے وقوف! دنیا میں وہی ہلچل مچا سکتے ہیں جو اپنے اندر وزن رکھتے ہیں''۔

ازدواجی زندگی میں ناکامیوں کی ذمہ داری زوجین میں سے ہر ایک کے کندھے کا بوجھ ہوتی ہے۔ لیکن جب ہم نے غور کیا تو ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ عورت پر اس کا بوجھ زیادہ پڑتا ہے، کیونکہ اندرون خانہ بنیادی ستون وہی ہے اور اسے اللہ نے خاوند کے لئے سامان راحت بھی بنایا ہے،، ہمیں یقین ہے کہ اگر عورت اپنے وجود کی اہمیت سے صحیح طور آگاہ ہو جائے تو اس کی یہی زندگی جنت نظیر بن جائے، کیونکہ ''دنیا میں وہی ہلچل مچا سکتے ہیں جو اپنے اندر وزن رکھتے ہیں''

انیسویں صدی کی ابتداء سے لے کر اب تک نہ صرف غیر مسلم معاشرے بلکہ بعض نام نہاد مسلمانوں کی طرف سے کچھ ایسی تحریکوں نے سر اٹھایا جن کے منتظمین اس گمان میں مبتلا تھے کہ وہ ''آزادی حقوق نسواں'' کے محافظ اور علمبردار ہیں۔

ان لوگوں کا نعرہ یہ تھا کہ عورتوں کو ان کے حقوق فراہم کئے جائیں ،انہیں معاشرتی مساوات سے نوازا جائے اور عورت کو ہر طرح کی آزادی سے بہرہ ور کیا جائے۔ البتہ جو بات ہمارے پیش نظر ہے وہ یہ ہے کہ اس سلسلہ میں اسلام جیسے مقدس، انسان دوست اور عالمگیر مذہب کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ بات اگر غیروں کی ہوتی تو ان کی فطرت پر محمول کر لیتے لیکن... افسوس صد افسوس... اس گھر کو آگ لگانے والوں میں اپنے پیش پیش رہے:

تیر کھا کے دیکھا کمین گاہ کی طرف
اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہو گئی۔



اس سلسلہ میں ایک کوشش یہ بھی کی گئی کہ اسلام کو اس مسئلہ میں ہمیشہ دفاعی حیثیت میں رکھا گیا، بہت سے مصنفین نے حقوق نسواں کے حوالہ سے ہونے والے اعتراضات کے جوابات بھی دفاعی سوچ کو سامنے رکھتے ہوئے دیئے، حالانکہ اسلام اس مسئلہ میں بھی دفاعی درجہ میں نہیں بلکہ اقدامی پوزیشن میں ہے۔ اسلام نے عورت کو جو حقوق دیئے ہیں، بلاشبہ کسی بھی جہت سے ان پر انگشت نمائی کی گنجائش نہیں ہے۔

اسلام سے پہلے نہ صرف جزیرہ عرب میں، بلکہ پوری دنیا میں عورت کو ایک کم حیثیت، معمولی اور بے وقعت چیز سمجھا جاتا تھا۔ اسلام سے پہلے کے عرب معاشرہ میں لڑکی کی پیدائش کو بہت بڑا عیب شمار کیا

جاتا تھا، زمانہ جاہلیت کے ہوس زدہ اور شرک خوردہ انسانوں کی سوچ یہ تھی کہ وہ لڑکی کی ولادت پر بحر ندامت میں ڈوب جاتے تھے، ان کے خیال میں لڑکی کو زندہ رہنے کا حق حاصل نہیں تھا۔ اسکی ولادت کی خبر پر باپ کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا تھا، اس کا دل حزن و ملال کی تاریکیوں میں ڈوب جاتا تھا۔ وہ اسے زندہ در گور کرنے کی تدبیریں سوچنے لگتا تھا۔ اس کے مقابل اسلامی معاشرہ میں عورت کوئی عضو معطل نہیں ہے بلکہ معاشرہ کی تشکیل و تعمیر میں عورت کا بہت بڑا حصہ ہے ،تاریخ اسلام حضرات صحابیات رضی اللہ عنہن اور ان کے بعد کی مسلمان عورتوں کی ان گنت مثالوں سے مالا مال ہے۔

اسلام نے عورت کو زندگی گزارنے کے جو آداب دیئے ہیں، ان آداب کو اپنا کر عورت اپنی زندگی کو جنت کا گہوارہ بنا سکتی ہے، اپنے آنگن میں رنگ بھر سکتی ہے اور خوشیوں اور شادمانیوں پر اپنے گھر کی بنیاد رکھ سکتی ہے۔

اسلام نے عورت کو جو حقوق دیئے ہیں وہ ہمیں کسی بھی اور مذہب میں نظر نہیں آتے اور بہت سے حقوق تو بحیثیت عورت کے ہیں اور بہت سے حقوق عورت کے مختلف رشتوں سے متعلق ہیں۔ مثلاً اگر ماں ہے تو جنت اس کے قدموں تلے رکھ دی گئی اور اگر بیوی ہے تو اسے گھر کی ملکہ بنا دیا گیا اور اگر بیٹی ہے تو اس کی اچھی تعلیم و تربیت جنت کی ضامن بنا دی گئی۔ خواتین کے حقوق اور فضیلت اس قدر وسیع موضوع ہے کہ بہت سے حضرات نے اس پر گرانقدر کتب تحریر کی ہیں، جن میں حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "اصلاح خواتین" مولانا عاشق الٰہی بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "تحفہ خواتین" وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اور ان کتب سے خواتین میں معاشرتی طور پر جو تبدیلی آئی ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا بہت سی خواتین نے ان کتب کے مطالعہ سے اپنی زندگیوں میں اسلامی انقلاب برپا کیا ہے۔ اسلام نے ایک عورت کو گھریلو زندگی خوشگوار اور کامیاب بنانے کے لئے کچھ احکامات و آداب سکھائے ہیں؟ اسلام ایک خاتون خانہ کو کیسا دیکھنا چاہتا ہے؟ اسلام کی ترقی میں عورت کیا کردار ادا کر سکتی ہے؟ نیز ازدواجی زندگی میں اسلامی آداب کیا کیا ہیں؟

سیرت صحابیات:

صحابیات خانہ داری کے کاموں کو خود اپنے ہاتھ سے انجام دیتی تھیں اور اس میں سخت سے سخت تکلیفیں برداشت کرتی تھیں۔ حضرت فاطمہ ؓ رسول اللہ ﷺ کی محبوب ترین صاحبزادی تھیں، لیکن چکی پیستے پیستے ہاتھوں میں چھالے پڑ گئے تھے، مشکیزوں میں پانی لاتے لاتے سینہ داغ دار ہو گیا تھا، جھاڑو دیتے دیتے کپڑے چیکٹ ہو گئے تھے۔ ازواجِ مطہرات ؓ باری باری گھر کا کام دھندا خود کرتی تھیں۔ ایک دن حضرت عائشہ ؓ کی باری تھی، ۔جو پیسے اور اس کی روٹی پکائی اور رسول اللہ ﷺ کا انتظار شروع کیا، آپ کے آنے میں دیر ہو گئی تو سو گئیں آپ آئے تو جگایا۔ حضرت اسماءؓ حضرت ابو بکرؓ کی صاحبزادی تھیں اور ان کی شادی حضرت زبیرؓ سے ہوئی تھی، وہ اس قدر مفلس تھے کہ ایک گھوڑے کے سوا گھر میں کچھ نہ تھا، حضرت اسماءؓ خود باغوں میں جا جا کر گھوڑے کی گھاس لاتی تھیں، حضرت ابو بکرؓ نے سائیسی کے لیے ایک غلام بھیجا تو انہوں نے اس خدمت سے نجات پائی۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زبیرؓ کو ایک قطعِ زمین بطور جاگیر کے دیا تھا جو مدینہ سے تین فرسخ دور تھا، حضرت اسماءؓ روز وہاں جاتیں اور وہاں سے کھجور کی گٹھلیاں اپنے سر پر لاتیں اور ان کو کوٹ کر ان کے پانی کھینچنے والی اونٹنی کو کھلاتی تھیں۔ گھر کے معمولی کاروبار ان کے علاوہ تھے، خود پانی لاتیں، مشک پھٹ جاتی تھی تو اس کو سی لیتیں، آٹا گوندھتیں، روٹی پکاتی۔ گھر کے کام دھندے کے علاوہ صحابیات بعض صنعتی کام بھی کرتی تھیں۔ حضرت سودہؓ طائف کی ادھوڑی بناتی تھیں جس کی وجہ سے ان کی مالی حالت تمام ازواجِ مطہرات سے بہتر رہتی تھی۔ بعض صحابیہ کپڑے بنتی تھیں۔

عورت اور مرد کی تخلیق میں فطری طور پر کئی ایک نمایاں فرق ہیں۔ مرد کو گھر سے باہر کام کاج کے لیے اور عورت کو خانہ داری بجالانے کے لیے اصلاً تخلیق کیا گیا ہے۔ اس لیے کہ انسانی زندگی کے دو اہم شعبے ہیں ایک انسان کا گھر' دوسرا سماج۔

شوہر کی خدمت:

شوہر اور بیوی زندگی میں ایک دوسرے کے محتاج ہوتے ہیں لیکن شوہر کی ذمہ داریاں بیوی سے زیادہ ہوتی ہیں۔ عورت چونکہ ضعیف الخلقت ہے لہٰذا شریعت نے اس پر بوجھ بھی زیادہ نہیں ڈالا۔ اسے کام کاج کا منصب دیا اور عورت سے کہا کہ وہ اس کی خدمت میں لگ جائے۔ ہر وقت گھر کی اصلاح کی فکر اسے ہو' نماز روزے کی پابندی کرے' عورت کو چاہیے کہ اس کا خاوند اگر مفلس ہو تو تونگر سمجھے' اس کی عزت کرے' خاوند پر اپنے حسن جمال کا تفاخر نہ کرے اور اسے اس کی بدصورتی کا طعنہ نہ دے۔ گھر کے کام کاج میں جس قدر ہو سکے انہیں خوش اسلوبی سے انجام دے۔ جو خاوند کہے (شریعت کے مطابق) اس کے خلاف نہ کرے' اس کی اجازت کے بغیر کسی کام میں نہ پڑے' ہر جگہ خاوند کی خوشی کو اپنی خوشی پر مقدم رکھے' ہر وقت خاوند کے آرام کی فکر میں لگی رہے۔ خاوند جس کام کا کہے اسے ایسے خوش اسلوبی سے کرے کہ وہ خوش ہو جائے' انہیں اس قدر آرام دیا جائے کہ وہ بے فکر ہو جائیں' اور انہیں اپنی آمدنی کی قلت کا احساس تک نہ ہو۔ زندہ دل ہو کر آپ بھی رہیں اور وہ بھی۔ احساس کمتری کا شکار نہ ہوں اور اپنے ہم نشینوں میں عزت پائیں۔ ان کی ضرورتوں پر نظر رکھیے' وقت سے پہلے ان کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کریں' جہاں تک ممکن ہو سکے انہیں اچھا کھلائیں' مفلسی کا دور ہو تو کپڑے خود سی کر انہیں پہنا دیں۔ ان سے کوئی ایسی فرمائش نہ کریں جس کے بارے میں آپ کا اندیشہ ہو کہ وہ پوری نہ کر سکیں گے' انہیں فکر لاحق ہو گی' اور انہیں ملال ہو گا۔ اگر آپ کی قسمت میں وہ چیز ہو گی تو بن فرمائش ہی مل جائے گی فرمائش بے کار ہے۔ جو آپ کی ضرورت ہو حتی المقدور اسے پورا کر لیجیے' مردوں کو تکلیف دینے سے گریز ہی بہتر ہے۔ اگر شوہر متحمل المزاج نہ ہو تو اسے سخت تکلیف ہو گی۔ امام غزالی فرماتے ہیں: عورت پر اس کے خاوند کے حقوق تو بہت زیادہ ہیں سب سے اہم دو چیزیں ہیں: ۱۔ اپنی عفت و عصمت کا پاس اور اس کے مال اسباب کی حفاظت۔ ۲۔ ضرورت سے زائد مطالبات سے گریز اور اگر اس کی کمائی حرام ہو تو اس کی کمائی سے گریز۔

خاوند کی گھر آمد کے موقع پر آپ کا ان کا استقبال کرنا بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ رشتہ زوجیت میں اس کی اہمیت سے کسی طور انکار نہیں کیا جا سکتا۔ جس وقت خاوند گھر میں آئے تو اسے آپ سامنے دکھائی دیں' آپ کا گرمجوش استقبال زندگی میں خوشگواری کی ایک نئی کونپل اُگا دیتا ہے۔ آپ کا یہ استقبال ایک فرحت بخش مسکراہٹ کے ساتھ ہونا چاہیے' جس سے معلوم ہو کہ آپ ان کے انتظار میں کس قدر مضطرب اور پریشان تھیں اور ملاقات کی کس قدر مشتاق تھیں۔ اس سلسلے میں ان کی آمد کے وقت کا خاص خیال رکھیے۔ ان کی آمد سے قبل ہی اپنے آپ کو تیار کر لیجئے' بالکل اسی طرح جس طرح کہ آپ کو کسی تقریب میں شریک ہونا ہو کیونکہ آپ کی اصل زیب و زینت کا محور آپ کا خاوند ہی تو ہے۔ مرد اپنے روزمرہ ضروری کام' محنت مزدوری سے فارغ ہو کر' ٹریفک کی بھیڑ' اور چیکنگ کرنے والوں کی بھتات سے تھکا ماندہ اپنے گھر کو واپس آتا ہے، وہ تو

اسی لئے گھر آتا ہے کہ اپنے خاص گھر میں اپنے دل و جان کو سکون دے سکے' اپنے بیوی بچوں کے ساتھ مل بیٹھ کر سعادت حاصل کرے' دل کی وحشت دور کرے۔ جب خاوند اپنے گھر واپس آتا ہے تو ایمان والی نیک بیوی جو خوشی خوشی محبت بھری آنکھوں کے ساتھ اس کا استقبال کرتی ہے اس کے کیا کہنے!



اسلام میں تعلیمِ نسواں

اور موجودہ مخلوط نظامِ تعلیم (پہلی قسط)

مولانا نایاب حسن قاسمی

شیخ الہندؒ اکیڈمی، دارالعلوم دیوبند

اسلام میں علم کی اہمیت

بلاشبہ علم انسان کو شرافت و کرامت اور دارین کی سعادت سے بہرہ مند کرنے کا ایک خدائی ذریعہ، دیگر بے شمار مخلوقاتِ خداوندی سے اُسے ممیّز کرنے کی ساحرانہ کلید اور ربّ الارباب کی طرف سے عطا کردہ خلقی اور فطری برتری میں چار چاند لگانے کا اہم سبب ہے، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ مقصدِ تخلیقِ انسانی تک رسائی علم ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ نیز علم ہی کی بہ دولت انسان نے سنگلاخ وادیوں، چٹیل میدانوں اور زمینوں کو مرغزاری عطا کی ہے، سمندر کی تہوں سے لاتعداد معدنیات کے بے انتہا ذخائر نکالے ہیں اور آسمان کی بے پایاں وسعتوں کو چیر کر تحقیق واکتشاف کے نت نئے پرچم لہرائے ہیں، بلکہ مختصر تعبیر میں کہا جاسکتا ہے کہ دنیا میں رونما ہونے والے تمام تر محیّر العقول کارنامے علم ہی کے شرمندۂ احسان ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اسلام نے بھی اپنے ظہور کے اول دن ہی پیغمبرِ اسلام پر ''اِقْرَأْ'' کے خدائی حکم کے القاء کے ذریعہ جہالت اور لاعلمی کی گھٹاٹوپ تاریکیوں میں دہشت بہ داماں کھڑی ہوئی انسانیت کے قلوب میں علم کی عظمت واہمیت کو جاگزیں کیا اور خدائے لایزال کی طرف سے نبی اکرم ﷺ کو دیئے گئے عظیم الشان علمی معجزے ''قرآنِ مقدس'' میں بار بار علم کے ذکر، اہلِ علم اور علم سے ناآشنا لوگوں کے درمیان فرق کے بیان اور جگہ جگہ حصولِ علم کی ترغیب وتشویق کے ذریعے اس کی قدر ومنزلت کو اور سِوا کردیا، چنانچہ ''المعجم المفهرس لألفاظ القرآن الكريم'' کے مطابق قرآن کریم میں علم کا ذکر اسّی بار اور علم سے مشتق شدہ الفاظ کا ذکر سیکڑوں دفعہ آیا ہے، اسی طرح عقل کی جگہ ''أَلْبَاب'' (جمع لُبّ) کا تذکرہ سولہ دفعہ اور ''نُهىٰ'' (جمع نهية) کا تذکرہ دوبار آیا ہے، پھر ''عقل'' کے مصدر سے نکلے ہوئے الفاظ اٹھارہ جگہ اور ''فقہ'' سے نکلنے والے الفاظ اکیس مرتبہ مذکور ہوئے ہیں۔ لفظ ''حکمت'' کا ذکر بیس دفعہ اور ''برہان'' کا تذکرہ سات دفعہ ہوا ہے، علم وفکر سے متعلق صیغے مثلاً: ''دیکھو''، ''غور کرو'' وغیرہ، یہ سب ان پر مستزاد ہیں۔

قرآن کریم کے بعد اسلام میں سب سے مستند، معتبر اور معتمد علیہ لٹریچر (LITERATURE) احادیثِ نبویہ کا وہ عظیم الشان ذخیرہ ہے، جسے امت کے باکمال جیالوں نے اپنے اپنے عہد میں انتہائی دقتِ نظری، دیدہ ریزی اور جگر کاری کے ساتھ اکٹھا کرنے کا ناقابلِ فراموش کارنامہ انجام دیا ہے۔ جب ہم اس عظیم الشان ذخیرے کا مطالعہ کرتے ہیں، تو ہمیں قدم قدم پر نبوی زبانِ مقدس علم کی فضیلت، حاملینِ علم کی فضیلت اور اس کے حصول کی تحریص وتحریض میں سرگرم نظر آتی ہے، چنانچہ تقریباً تمام کتبِ حدیث میں علم سے متعلق احادیث کو علیحدہ ابواب قائم کر کے بیان کرنے سے خصوصی اعتنا برتا گیا ہے۔

مُشتے نمونہ از خروارے

چنانچہ امام بخاریؒ کی صحیح میں ابوابِ وحی وایمان کے بعد ''کتاب العلم'' کے عنوان کے تحت ابواب میں حافظ الدنیا ابن حجر عسقلانیؒ کے بہ قول چھیاسی مرفوع حدیثیں (مکررات کو وضع کر کے) اور بائیس آثارِ صحابہؓ وتابعینؒ ہیں، اسی طرح صحاحِ ستہ کی دیگر کتب اور ''موطا مالک'' میں بھی علم کا علیحدہ اور مستقل باب ہے۔ ''مسند امام احمد بن حنبلؒ'' کی ترتیب سے متعلق کتاب ''الفتح الربانی'' میں علم سے متعلق اکیاسی احادیث ہیں۔ حافظ نورالدین ہیثمیؒ کی ''مجمع الزوائد'' میں علم کے موضوع پر احادیث بیاسی صفحات میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ''مستدرک حاکم'' میں علم سے متعلق حدیثیں چوالیس صفحات میں ہیں۔ مشہور ناقدِ حدیث اور جلیل القدر محدث حافظ منذریؒ کی ''الترغیب والترہیب'' میں علم کے تعلق سے چودہ احادیث ہیں اور علامہ محمد بن سلیمانؒ کی ''جمع الزوائد'' میں صرف علم کے حوالے سے ایک سو چوّن حدیثیں بیان کی گئی ہیں۔

اسلام میں تعلیمِ اناث کی اہمیت

یہ بھی حقیقت ہے کہ کسی بھی قوم کو مجموعی طور پر دین سے روشناس کرانے، تہذیب وثقافت سے بہرہ ور کرنے اور خصائلِ فاضلہ وشمائلِ جمیلہ سے مُحلّٰی ومزین کرنے میں اس قوم کی خواتین کا اہم، بلکہ مرکزی اور اساسی کردار ہوتا ہے اور قوم کے نونہالوں کی صحیح اُٹھان اور صالح نشو ونما میں ان کی ماؤں کا اہم رول ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ مہدِ مادر بچے کی اولین تربیت گاہ ہوتی ہے، اس لئے شروع ہی سے اسلام نے جس طرح مردوں کے لئے تعلیم کی تمام تر راہیں روا رکھی ہیں، ان کو ہر قسم کے مفید علم کے حصول کی نہ صرف آزادی دی ہے، بلکہ اس پر ان کی حوصلہ افزائی بھی کی ہے، جس کے نتیجے میں قرنِ اول سے لے کر تا حال ایک سے بڑھ کر ایک کج کلاہِ علم وفن اور تاجورِ فکر وتحقیق پیدا ہوتے رہے اور زمانہ ان کے علومِ بے پناہ کی ضیا پاشیوں سے مستنیر ومستفیض ہوتا رہا۔ بالکل اسی طرح اس دینِ حنیف نے خواتین کو بھی تمدنی، معاشرتی اور مِلکی حقوق کے بہ تمام وکمال عطا کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی حقوق بھی اس کی صنف کا لحاظ کرتے ہوئے مکمل طور پر دیئے، چنانچہ ہر دور میں مردوں کے شانہ بہ شانہ دخترانِ اسلام میں ایسی باکمال خواتین بھی جنم لیتی

رہیں، جنہوں نے اطاعت گزار بیٹی، وفا شعار بیوی اور سراپا شفقت بہن کا کردار نبھانے کے ساتھ ساتھ دنیا میں اپنے علم وفضل کا ڈنکا بجایا اوران کے دم سے تحقیق وتدقیق کے لاتعداد خرمن آباد ہوئے۔

خواتین کی تعلیم سے متعلق روایات

ا:...... نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے:

”ثلاثة لهم أجران :رجل من أهل الكتاب آمن بنبيه، وآمن بمحمد، والعبد المملوک إذا أدى حق الله ،وحق مواليه ،ورجل له أمة ،فأدبها فأحسن تأديبها، وعلمها، فأحسن تعليمها، ثم أعتقها، فتزوجها، فله أجران“.(١)

اس حدیث کے آخری جزء کی شرح میں ملاعلی قاریؒ لکھتے ہیں کہ:”یہ حکم صرف باندی کے لئے نہیں ہے، بلکہ اپنی اولاد اور عام لڑکیوں کے لئے بھی یہی حکم ہے“۔(٢)

٢:...... ایک صحابیہ حضرت شفاء بنت عدویہؓ تعلیم یافتہ خاتون تھیں، آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ:”تم نے جس طرح حفصہؓ کو”نملہ“(پھوڑے) کا رقیہ سکھایا ہے، اسی طرح لکھنا بھی سکھادو“۔

٣:...... نبی پاک ﷺ خود بھی عورتوں کی تعلیم کا اہتمام فرماتے تھے، اوران کی خواہش پر آپ ﷺ نے باضابطہ ان کے لئے ایک دن مقرر کردیا تھا، حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت ہے:

”قالت النساء للنبی ﷺ :”غلبنا علیک الرجال ، فاجعل لنا یوما من نفسک ، فوعد هن یوما لقیهن فیه، فوعظهن ، وأمرهن “.(٣)

٤:...... حضرت اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہؓ بڑی متدین اور سمجھدار خاتون تھیں۔ اُنہیں ایک دفعہ عورتوں نے اپنی طرف سے ترجمان بنا کر آپ ﷺ کے پاس بھیجا کہ آپ ﷺ سے دریافت کریں کہ: ”اللہ نے آپ ﷺ کو مرد وعورت ہر دو کی رہنمائی کے لئے مبعوث فرمایا ہے، چنانچہ ہم آپ پر ایمان لائے اور آپ ﷺ کی اتباع کی، مگر ہم عورتیں پردہ نشیں ہیں، گھروں میں رہنا ہوتا ہے، ہم حتیٰ الوسع اپنے مردوں کی ہر خواہش پوری کرتی ہیں، ان کی اولاد کی پرورش وپرداخت ہمارے ذمے ہوتی ہے، ادھر مرد مسجدوں میں باجماعت نماز ادا کرتے ہیں، جہاد میں شریک ہوتے ہیں، جس کی بنا پر انہیں بہت زیادہ ثواب حاصل ہوتا ہے، لیکن ہم عورتیں ان کے زمانۂ غیبوبت میں ان کے اموال واولاد کی حفاظت کرتی ہیں۔ اللہ کے رسول! کیا ان صورتوں میں ہم بھی اجر وثواب میں مردوں کی ہمسر ہوسکتی ہیں؟“ آپ ﷺ نے حضرت اسماءؓ کی بصیرت افروز تقریر سن کر صحابہؓ کی طرف رخ کیا اوران سے پوچھا:”اسماءؓ سے پہلے تم نے دین کے متعلق کسی عورت سے اتنا عمدہ سوال سنا ہے؟“ صحابہؓ نے نفی میں جواب دیا، اس کے بعد آپ ﷺ نے حضرت اسماءؓ سے فرمایا کہ: ”جاؤ اوران عورتوں سے کہہ دو کہ:”إن حسن تبعل إحدا کن لزوجها ، وطلبها مرضاته، واتباعها موافقته ، تعدل ذلک کله “۔(٤) آپ ﷺ کی زبانِ مبارک سے یہ عظیم خوش خبری سن کر حضرت اسماءؓ کا دل

بلیوں اچھلنے لگا اور تکبیر و تہلیل کہتی ہوئیں واپس گئیں اور دیگر عورتوں کو بھی جا کر سنایا۔

تاریخ اسلامی کی ان چند جھلکیوں سے بہ خوبی معلوم ہو جاتا ہے کہ آپ ﷺ کے زمانے میں عورتوں کے اندر حصولِ علم کے تئیں کس قدر شوق اور جذبۂ بے پایاں پایا جاتا تھا اور آپ ﷺ بھی ان کے شوقِ طلب اور ذوقِ جستجو کی قدر کرتے ہوئے ان کی تعلیم وتربیت کا کتنا اہتمام فرماتے تھے۔

تعلیم وتربیت کے عمومی ماحول کا اثر

تعلیم وتربیت کے اسی عمومی ماحول کا اثر ہے کہ جماعتِ صحابیاتؓ میں بلند پایہ اہل علم خواتین کے ذکرِ جمیل سے آج تاریخِ اسلام کا ورق ورق درخشاں وتاباں ہے، چنانچہ یہ امر محقق ہے کہ امہات المؤمنینؓ میں حضرت عائشہؓ وحضرت ام سلمہؓ فقہ وحدیث وتفسیر میں رتبۂ بلند رکھنے کے ساتھ ساتھ تحقیق ودرایت کے میدان کی بھی شہ سوار تھیں۔ (۵) حضرت ام سلمہؓ کی صاحبزادی زینب بنت ابوسلمہؓ جو آپ ﷺ کی پروردہ تھیں، ان کے بارے میں تاریخ کا بیان ہے کہ:

''كانت أفقه نساء أهل زمانها'' (۶)

حضرت ام الدرداء الکبریٰؓ اعلیٰ درجے کی فقیہ اور عالمہ صحابیہ تھیں۔ (۷)

حضرت سمرہ بنت نہیک اسدیہؓ کے بارے میں لکھا ہے کہ: ''وہ زبردست عالمہ تھیں، عمر دراز پائی، بازاروں میں جا کر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا کرتی تھیں اور لوگوں کو ان کی بے راہ روی پر کوڑوں سے مارتی تھیں''۔ (۸)

